سبق - 7

عقائد

اللہ تعالیٰ نے اپنے فرماں بردار بندوں کے لیے جنت بنائی ہے جس میں ان کو ہر وہ چیز دی جائے گی جس کی وہ خواہش کریں گے۔

قرآن

فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٥ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٦ (الم نشرح:٦،٥)

ترجمہ: بے شک تکلیف کے ساتھ آسانی ہے، بے شک تکلیف کے ساتھ آسانی ہے۔

حدیث

اللہ کے رسول صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

اَلْمُسلِمُ أَخُو الْمُسلِمِ (مسلم:٢٥٨٠)

ترجمہ: ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔

دعا

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّحِمِينَ (مومنون:١١٨)

ترجمہ: اے میرے رب! آپ بخش دیجیے اور رحم فرمائیے اور آپ ہی سب سے بہترین رحم کرنے والے ہیں۔

سیرت رسول صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ساری زندگی اس طرح گزاری کہ اپنی جانب سے کسی پر نہ کبھی زیادتی ہونے دی نہ کسی کا حق دبایا۔

اخلاق و آداب

بیت الخلاء کے آداب کا اعادہ کروایا جائے، نیز یہ باتیں بھی سکھائی جائیں:

- بیت الخلاء میں بغیر ضرورت بات نہ کریں۔
- ضرورت سے زیادہ پانی خرچ نہ کریں۔
- اپنی ضرورت خود اپنے ہاتھ سے پورا کرنا سیکھیں۔